Sample Question Paper

Class X 2021-22

Course B   Code 303

Time: 120 minute   **Sub: Urdu**   Maximum Marks 40

SECOND TERM

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالات کے جواب ہر حصہ میں موجود ہدایت کے مطابق تحریر کیجئے۔

Part A   (10Marks)

حصہ الف

سوال نمبر۔1۔   ***مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباسات میں سے کسی ایک کا انتخاب کیجئے اور اس میں موجود سوالوں کے جواب لکھئے۔***

(5× 1=5)

(الف)

تقریباً ساڑھے چار سو سال پہلے ۱۵۵۵ء میں احمد نگر کے "سلطان تھے جہاں ایک چاند سی بیٹی پیدا ہوئی۔ اس کا نام چاند بی بی رکھا گیا۔ اس وقت کس کو معلوم تھا کہ آگے چل کر یہ لڑکی ہندوستان کی تاریخ میں نام پیدا کرے گی اور اکبر جیسے شہنشاہ کے مقابلے میں اپنی سلطنت بچانے کے لئے جان تک دے دے گی۔۔۔۔ چاند بی بی بچپن سے بہت ذہین اور بہادر تھی۔ پڑھنے لکھنے میں بہت دل لگاتی تھی باپ نے س کا شوق دیکھ کر اس کی تعلیم و تربیت کا بہت اچھا انتظام کیا۔ تھوڑے ہی دنوں میں اس نے عربی، فارسی اور اپنے علاقہ کی زبانوں کنڑ اور مراٹھی میں بڑی قابلیت پیدا کرلی۔ اس نے لڑائی کا فن بھی اچھی طرح سیکھ لیا۔ جب بڑی ہوئی تو اپنے باپ کے ساتھ فوج اور سلطنت کے کاموں میں حصہ لینے لگی۔"

1۔ چاند بی بی کے والد کہاں کے سلطان تھے؟

2۔ چاند بی بی کی پیدائش کس سنہ میں ہوئی؟

3۔ چاند بی بی کے شوہر کا کیا نام تھا؟

4۔ علی عادل شاہ کہاں کے سلطان تھے؟

5۔ چاند بی بی کن زبانوں سے واقفیت رکھتی تھیں؟

(ب)

جھٹپٹے کا وقت، گھر سے ایک مٹی کا دیا

اک بڑھیا نے سر راہ لا کے روشن کر دیا

تا کہ راہ گیر اور پردیسی کہیں ٹھوکر نہ کھائیں

راہ سے آساں گذر جائے ہر اک چھوٹا بڑا

یہ دیا بہتر ہے ان جھاڑوں سے اور فانوس سے

روشنی محلوں کے اندر ہی رہی جن کی صدا

گر نکل کر اک ذرا محلوں سے باہر دیکھئے

ہے اندھیرا گھپ در و دیوار پر چھایا ہوا

سرخ رو آفاق میں وہ رہنما مینار ہیں

روشنی سے جن کی ملاحوں کے بیڑے پار ہیں

1۔ بڑھیا نے مٹی کا دیا کس وقت لا کر راستے پر رکھا؟

2۔ محلوں کے جھاڑ فانوس سے وہ دیا کیوں بہتر ہے ؟

3۔ آفاق سے کیا مراد ہے ؟

4۔ فانوس کے کیا معنی ہے ؟

5۔ اس نظم سے کیا تعلیم ملتی ہے ؟

سوال نمبر 2 ۔ **مندرجہ ذیل درسی اقتباسات میں سے کسی ایک کا انتخاب کیجئے اور اس میں موجود سوالوں کے جواب لکھئے۔**

(5×1 =5)

(الف)

"سائنس نے ہمارے لیے بہت سی سہولتیں فراہم کی ہیں۔ ہم بیمار پڑ جائیں تو علاج کے لئے بہت سی دوائیں، بہت سی مشینیں مہیا ہیں۔ مواصلاتی نظام پر غور کریں تو خط سے لے کر تار، ٹیلی فون، ٹیلی وژن، موبائل اور اب انٹرنیٹ جیسی کئی آسانیاں ہمیں حاصل ہیں۔۔۔۔۔۔دوسری عالمی جنگ (46-1939) کے زمانے میں ایک نئے مواصلاتی نظام کی ضرورت شدت سے محسوس کی گئی، ایک ایسا نظام جو بہت تیزی سے کام کر سکے۔ سائنس دانوں نے کمپیوٹر کے ذریعہ اس نئے نظام کو کھوج نکالا۔ اسی کو ہم انٹرنیٹ کہتے ہیں۔۔۔۔۔۔انٹرنیٹ کمپیوٹر نیٹ ورک کا ایک اہم احصہ ہے۔ یہ دراصل الیکٹرانک سلسلوں کا ایک مجموعہ ہے جو تمام دنیا میں مواصلاتی رشتہ یا وحدت قائم کرتا ہے۔ ہم دنیا کے کسی بھی حصے میں ہوں، انٹرنیٹ کے ذریعہ کسی سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ رابطے کا طریقہ ای۔ میل کہلاتا ہے۔ ای میل انٹرنیٹ کی ایک ایسی خدمت ہے جس نے ٹیلی فون سے زیادہ تیز تر رابطے کا نہایت آسان طریقہ، بہت کم خرچ پر مہیا کر دیا ہے۔ چونکہ ای میل کی سہولت اب موبائل پر بھی دستیاب ہے لہٰذا تار بچھانے اور دیگر زمینی انتظامات کرنے کی ضرورت بھی باقی نہیں رہی ہے"

1۔ دوسری عالمی جنگ کے زمانے میں کیا چیز کی ضرورت شدت سے محسوس کی گئی

2۔ انٹرنیٹ کیا ہے؟

3۔ ای میل کے فائدے بتایئے؟

4۔ مواصلاتی نظام میں کون کون سے وسائل شامل ہیں؟

5۔ ٹیلی فون سے زیادہ تیز تر اور کفایتی رابطے کا طریقہ کیا ہے؟

(ب)

کوئی پہاڑ یہ کہتا تھا اک گلہری سے

تجھے ہو شرم تو پانی میں جا کے ڈوب مرے

ذرا سی چیز ہے اس پر غرور، کیا کہنا!

یہ عقل اور یہ سمجھ، یہ شعور کیا کہنا

خدا کی شان ہے، ناچیز، چیز بن بیٹھیں

جو بے شعور ہوں، یوں باتمیز بن بیٹھیں

تری بساط ہے کیا، میری شان کے آگے

زمیں ہے پست، مری آن بان کے آگے

جو بات مجھ میں ہے، تجھ کو وہ ہے نصیب کہاں

بھلا پہاڑ کہاں ، جانور غریب کہاں

کہا یہ سن کے گلہری نے منہ سنبھال ذرا

یہ کچی باتیں ہیں، دل سے انہیں نکال ذرا

1۔ پہاڑ گلہری سے کیا کہتا ہے؟

2۔ پہاڑ اپنے غرور کا اظہار کس انداز میں کرتا ہے؟

3۔ پہاڑ اپنے آپ پر غرور کیوں کرتا ہے؟

4۔ پانی میں جاکر ڈوب مرنے کے کیا معنی ہیں؟

5۔ پہاڑ گلہری سے ڈوب مرنے کو کیوں کہتا ہے؟

Part -B (18Marks)

حصہ ب

مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف چھ (6) کے جواب اردو میں تحریر کیجئے سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔ (18 = 6×3

سوال نمبر 3۔ اسم کسے کہتے ہیں؟ مثال بھی دیجئے۔

سوال نمر 4۔ مقطع کسے کہتے ہیں؟ مثالوں کے ذریعے واضح کیجئے۔

سوال نمبر 5۔ مندرجہ ذیل محاوروں کے معنی لکھتے ہوئے ان کا جملوں میں استعمال کیجئے۔

نو دو گیارہ ہونا، عید کا چاند ہونا، آنکھوں کا تارا ہونا

سوال نمبر 6۔ شعر کی تعریف لکھئے۔

سوال نمبر 7۔ مرزا غالب کا مختصر تعارف پیش کیجئے۔

سوال نمبر 8۔ اقبال کی نظم "پہاڑ اور گلہری" سے ہمیں کیا نصیحت ملتی ہے۔

سوال نمبر 9۔ مندرجہ ذیل الفاظ کی جمع بتایئے۔

فلک، فکر، ذکر

سوال نمبر 10۔ رتن سنگھ کا تعارف کراتے ہوئے ان کی مشہور تصنیفات کا ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 11۔ ساحر لدھیانوی کی نظم "اے شریف انسانوں" کی روشنی میں جنگ کے نقصانات پر ایک نوٹ لکھئے۔

سوال نمبر 12۔ مندرجہ ذیل الفاظ کی جنس بتایئے۔

دولت، خط، نام

Part -C (12Marks)

حصہ ج

مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف چھ (6) کے جواب اردو میں تحریر کیجئے سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔ (12 = 2×6

سوال نمبر 13۔ ساحر لدھیانوی کا پہلا شعری مجموعہ کون سا تھا؟

سوال نمبر 14۔ نصاب میں شامل "آدمی کی کہانی" کس کا مضمون ہے؟

سوال نمبر 15۔ محمد مجیب کے دو ڈراموں کے نام لکھئے۔

سوال نمبر 16۔ مرزا غالب کی غزل کا مطلع لکھئے۔

سوال نمبر 17۔ مرزا غالب کے کلام کی دو خصوصیات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18۔ حبیب تنویر کے دو ڈراموں کے نام لکھئے

سوال نمبر 19۔ رباعی میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

سوال نمبر 20۔ علامہ اقبال کی پیدائش کہاں ہوئی؟

سوال نمبر 21۔ علامہ اقبال کی بچوں کے لئے لکھی گئی دو نظموں کا نام لکھئے۔

سوال نمبر 22۔ ساحر لدھیانوی کا اصل نام تحریر کیجئے۔